شمارہ نمبر
03

# خبر نامہ انجمن خدام القرآن سندھ کراچی

اپریل 2019ء بمطابق رجب المرجب/شعبان المعظم 1440ھ

## فرمانِ الٰہی

اَفَمَنۡ شَرَحَ اللّٰہُ صَدۡرَہٗ لِلۡاِسۡلَامِ فَھُوَعَلٰی نُوۡرٍ مِّنۡ رَّبِّہٖ ؕ فَوَیۡلٌ لِّلۡقٰسِیَۃِ قُلُوۡبُھُمۡ مِّنۡ ذِکۡرِ اللّٰہِ ؕ اُولٰٓئِکَ فِیۡ ضَلٰلٍ مُّبِیۡنٍ (سورۃ الزمر22)

بھلا جس شخص کا سینہ اللہ نے اسلام کے لیے کھول دیا ہو اور وہ اپنے پروردگار کی طرف سے روشنی پر ہو (تو کیا وہ سخت دل کافر کی طرح ہو سکتا ہے) پس ان پر افسوس ہے جن کے دل اللہ کی یاد سے سخت ہو رہے ہیں اور یہی لوگ صریح گمراہی میں ہیں۔

## فرمانِ نبوی ﷺ

عَنِ ابۡنِ شِھَابٍ قَالَ قَالَ حُمَیۡدُ بۡنُ عَبۡدِ الرَّحۡمَنِ سَمِعۡتُ مُعَاوِیَۃَ خَطِیبًا یَقُولُ سَمِعۡتُ النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وسلم یَقُولُ مَنۡ یُرِدِ اللّٰہُ بِہِ خَیۡرًا یُفَقِّھۡهُ فِی الدِّینِ وَإِنَّمَا أَنَا قَاسِمٌ وَاللّٰہُ یُعۡطِی (صحیح البخاری)

ابن شہاب زہری رحمۃ اللہ علیہ سے روایت ہے کہ حمید بن عبد الرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ میں نے معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے سنا جبکہ وہ خطبہ ارشاد فرما رہے تھے کہ میں نے نبی اکرم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا۔ اللہ تعالیٰ جس شخص سے بھلائی کا ارادہ فرماتا ہے اس کو دین کی سمجھ عطا فرما دیتا ہے اور میں تو محض تقسیم کرنے والا ہوں دینے والا تو اللہ ہی ہے

## اداریہ

قارئین محترم ! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

اللہ تعالیٰ کی ذات سے امید ہے کہ خبر نامہ انجمن ماہِ اپریل کا یہ شمارہ آپ کو ایمان اور عافیت کی بہترین کیفیت کے ساتھ موصول ہوگا۔ آمین

سب سے پہلے تو یہ خوشخبری کہ الحمد للہ اللہ تعالیٰ کی تائید و نصرت سے مسجد جامع القرآن قرآن اکیڈمی یٰسین آباد میں 15 مارچ سے نماز جمعہ کا آغاز ہو گیا ہے قرآن اکیڈمی کورنگی کے مدیر جناب انجینئر نعمان اختر صاحب نے مسجد کے پہلے خطبہ جمعہ کی سعادت حاصل کی۔ مساجد کی اہمیت، مساجد سے محبت کی فضیلت، مساجد کی تعمیر اور مساجد کی خدمت کے حوالے سے موصوف نے انتہائی پر اثر خطاب فرمایا اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمیشہ اس مسجد کو قائم و دائم و آباد رکھے اور ہمیں بھی اس حوالے سے مسجد کی خدمت، مسجد سے محبت اور اس کو آباد رکھنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

مورخہ 17 مارچ 2019 بروز اتوار صبح 10 بجے انجمن خدام القرآن سندھ کا بتیسواں سالانہ اجلاس عامہ مسجد جامع القرآن، قرآن اکیڈمی یٰسین آباد میں منعقد ہوا جس کی صدارت نگران انجمن و امیر تنظیم اسلامی محترم حافظ عاکف سعید حفظہ اللہ نے فرمائی۔ اجلاس میں انجمن کی سالانہ کارکردگی کے جائزے کے علاوہ انجمن خدام القرآن سندھ کے صدر جناب ثاقب رفیع شیخ مرحوم کی خدمات پر ان کو خراج تحسین پیش کیا گیا۔

والسلام

شجاع الدین شیخ

مدیر تعلیم، انجمن خدام القرآن سندھ، کراچی

## قرآن اکیڈمی ڈیفنس

رجوع الی القرآن کورس کا پچیسواں بیچ الحمدللہ جاری ہے اس کے علاوہ مختصر دورانیہ کے کورسز بھی بحمد اللہ جاری ہیں جن میں اہم ترین یہ ہیں: "حلقہ منتخبات علوم دینیہ کورس"، "صرف و نحو کلاس"، "ایکٹیو ویک اینڈ کورس"، "لفظی ترجمہ کلاس"، "عربی گرامر کورس بعنوان قرآن اب آسان"، "تجوید القرآن کورس"، "عربی گرامر کورس بعنوان Lessons of Arabic Language بزبان انگریزی"۔ اکیڈمی کے اسٹاف کی علمی اور اخلاقی تربیت کیلیے روزانہ صبح 09:10 بجے سے 09:30 تک کلاس ہوتی ہے ادارے کے زیر اہتمام ایک مسجد اور ایک مدرسہ بھی چل رہاہے۔ جس کی تفصیل کچھ یوں ہے: نمازوں کے بعد تذکیر کا اہتمام ہوتا ہے، فجر کے بعد تذکیر بالقرآن، ہر اتوار کو ظہر کے بعد تذکیر بالقرآن، عصر کے بعد تذکیر بالحدیث مسجد جامع القرآن، بیت السلام مسجد کے تحت منعقد کیے جانے والے ایک ایونٹ "I am Musalli"، جس کے تحت مورخہ 19 مارچ 2019 تا 28 اپریل 2019ء 10 تا 15 سال کی عمر کے وہ بچے جو اِن ایام میں نمازِ فجر باجماعت مسجد میں ادا کریں گے اُنہیں ایک سائیکل بطور تحفہ دی جائے گی، میں رجسٹرڈ ہے۔

مدرسۃ القرآن للحفظ والقراءۃ کے تحت گزشتہ ماہ ہونے والی تربیتی کلاسز میں "قرآن حکیم کے پانچ حقوق" کے موضوع پر ڈاکٹر محمد الیاس صاحب نے گفتگو فرمائی، "سچ بولنا" کے موضوع پر قاری صداقت صاحب نے گفتگو فرمائی، "قرآن کا دورہ کرنے کی فضیلت" پر قاری امداد اللہ عزیز صاحب نے گفتگو فرمائی۔ ماہ اپریل میں مدرسہ ہٰذا کے تمام شعبہ جات میں سالانہ امتحان ہوں گے۔

## قرآن اکیڈمی یٰسین آباد

قرآن اکیڈمی یٰسین آباد میں رجوع الی القرآن کورس بحمد اللہ جاری ہے اس ماہ کے آغاز پر رجسٹرڈ طلبہ کی تعداد 29 اور طالبات کی تعداد 60 تھی یہ تعداد الحمدللہ ماہ کے اختتام پر مستحکم ہے اس کے علاوہ مختلف اوقات میں حلقات و دورات کے تحت مختصر دورانیہ کے کورسز بھی جاری رہے۔ جس میں عربی گرامر، تجوید، علم و عمل کورس شامل ہیں اسی طرح مدرستہ القرآن للحفظ و القراءۃ میں بھی پڑھائی معمول کے مطابق جاری رہی شعبہ حفظ میں 70 بچے زیر تعلیم ہیں جس میں سے 17 بچوں نے الحمدللہ حفظ مکمل کرنے کی سعادت حاصل کرلی ہے گزشتہ ماہ ان بچوں کی تقریبِ دستار بندی بھی منعقد ہوئی جس کی صدارت نگرانِ انجمن و امیر تنظیم اسلامی محترم جناب حافظ عاکف سعید حفظہ اللہ نے فرمائی اس پروگرام میں شعبہ حفظ کے بچوں نے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا نیز بچوں کے مابین آخری پانچ پاروں کا مسابقہ بھی ہوا جس میں اول آنے والے طلبہ کو انعامات سے نوازا گیا اس پروگرام میں تقریباً 300 حضرات وخواتین نے شرکت کی، اسی طرح شعبہ ناظرہ و قاعدہ میں گزشتہ ماہ 173 طلبہ و طالبات کی حاضری رہی خادمین کی تربیتی کلاس بھی معمول کے مطابق جاری رہی نیز نماز عصر کے بعد مسجد میں الحمدللہ مطالعۂ حدیث کا سلسلہ جاری ہے۔ گزشتہ ماہ مرکز تعلم و تحقیق کے تحت الحمدللہ 201 کتب کا اضافہ ہوا۔

## قرآن اکیڈمی کورنگی

گزشتہ ماہ قرآن اکیڈمی کورنگی میں تنظیم اسلامی کورنگی شرقی کے تحت 6 کلاسز پر مشتمل لیکچر سیریز بنام "Time Management and Vision" ہر جمعہ بعد نماز عشاء منعقد کیا جاتا ہے۔ جس میں تدریس کی ذمہ داری جناب ڈاکٹر محمد الیاس صاحب ادا فرمارہے ہیں۔ دی ہوپ اسلامک اسکول میں سالانہ امتحانات کا سلسلہ جاری رہا۔

دی ہوپ اسلامک اسکول کے پرائمری سیکشن میں 23 مارچ 2019ء کو "یوم پاکستان" کے حوالے سے ایک پروگرام منعقد کیا گیا، رواں ماہ اسکول میں سالانہ امتحان کے نتائج بھی بچوں کو دیئے جائیں گے۔

رجوع الی القرآن کورس میں معمول کے مطابق تدریسی سرگرمیاں جاری ہیں جبکہ شام کے اوقات میں عربی گرامر کی کلاسز کا سلسلہ بھی جاری ہے۔ ہفتہ وار درس قرآن تسلسل کے ساتھ منعقد ہورہاہے۔ جس میں مدرس کے فرائض مدیر ادارہ جناب انجینئر نعمان اختر صاحب انجام دے رہے ہیں۔

## قرآن انسٹیٹیوٹ گلستان جوہر

رجوع الی القرآن کورس میں معمول کے مطابق تدریسی سرگرمیاں جاری رہیں، استاذ محترم شجاع الدین شیخ صاحب نے منتخب نصاب کا سلسلہ وار درس جاری رکھا جس میں بڑی تعداد میں سامع اور سامعات نے بھی بھرپور شرکت کی۔

مدرسۃ القرآن میں بچوں کی تدریس کا سلسلہ جاری ہے ہفتہ میں پانچ دن کلاس ہوتی ہے دعائیں اور نماز سکھانے کا اہتمام ہوتا ہے ۴ ماہ میں ایک مرتبہ جائزہ بھی لیا جاتا ہے۔ شام کے اوقات میں دینیات کورس جو کہ تنظیم اسلامی کے زیر نگرانی شروع کیا گیا تھا تاحال جاری ہے عربی گرامر اور تجوید کی کلاس ہفتہ میں دو دن منعقد ہوتی ہے۔

ادارہ کے تحت مختلف تناظیم کے ہفتہ وار پروگرامز کا انعقاد جاری رہا اس کے ساتھ ساتھ ماہانہ تربیتی اجتماعات بھی منعقد ہوئے اور ایک سہہ ماہی اجتماع بھی منعقد ہوا جس میں ادارہ نے بھرپور طریقے سے پروگرام ترتیب دیا۔

## قرآن انسٹیٹیوٹ لطیف آباد

الحمدللہ رجوع الی القرآن کورس کی تدریس معمول کے مطابق جاری ہے، گزشتہ ماہ طلبہ کی تعداد 16 تھی جس میں سے 4 طلبہ سے مسلسل غیر حاضری کے باعث معذرت کرلی گئی جبکہ طالبات کی تعداد 17 تھی جس میں سے 3 طالبات سے مسلسل غیر حاضری کے باعث معذرت کرلی گئی۔ مطالعۂ قرآن حکیم الحمدللہ باقاعدگی سے جاری ہے 30 طلبہ اور 25 طالبات اس میں حصہ لے رہے ہیں اس کے علاوہ ناظرہ قرآن حکیم (للبنین) میں 16 طلبہ ناظرہ قرآن حکیم پڑھنے کی سعادت حاصل کررہے ہیں اور ناظرہ قرآن حکیم (بالغان) میں 10 حضرات ناظرہ قرآن حکیم پڑھنے کی سعادت حاصل کررہے ہیں۔

## قرآن مرکز لانڈھی

قرآن مرکز لانڈھی میں ماہ مارچ میں تعلیمی و تدریسی سرگرمیاں حسب معمول جاری رہیں۔ مدرسۃ القرآن للحفظ والقراءۃ شعبہ حفظ میں 42 طلبہ زیر تعلیم ہیں۔ دورانِ ماہ شعبہ حفظ کا سالانہ امتحان منعقد کیا گیا مکتب جامعہ دارالعلوم کراچی کے استاذ محترم قاری عمر زرین صاحب امتحان کے لیے ادارے کی دعوت پر تشریف لائے انہوں نے طلبہ کی کارکردگی کی تحسین فرمائی۔ شعبہ ناظرہ (للبنین و البنات) میں 116 طلبہ زیر تعلیم ہیں۔ قرآن مرکز میں جاری 15 روزہ درس قرآن بروز جمعہ بعد نماز مغرب تسلسل سے منعقد ہوا۔ ناظم قرآن مرکز جناب محمد ہاشم صاحب بیان کی ذمہ داری ادا کرتے ہیں جس میں سورۃ الکھف کے رکوع 7 تا 10 کا مطالعہ مکمل ہوا۔

## گزشتہ ماہ ہونے والے محاضرات و دروس

**قرآن اکیڈمی ڈیفنس** میں گزشتہ ماہ دو خصوصی لیکچرز "تحفظ ختم نبوت اور ہماری ذمہ داری" مولانا عبدالحئ مطمئن صاحب دامت برکاتہم "اور" بامقصد زندگی "ڈاکٹر محمد الیاس صاحب کے لیکچرز منعقد ہوئے جبکہ فکر اسلامی کے عنوان کے تحت دو لیکچرز کا اہتمام کیا گیا جس میں " منہج انقلاب نبوی ﷺ کے موضوع پر "ڈاکٹر محمد الیاس صاحب" نے گفتگو رکھی اور " اسلام کا انقلابی منشور" ڈاکٹر اسرار احمدؒ" بذریعہ ویڈیو ہوا۔

مسجد میں ماہانہ خصوصی خطاب کا اہتمام ہوتا ہے جو ہر ماہ کے پہلے جمعہ کو بعد نمازِ عشاء منعقد ہوتا ہے۔ گزشتہ ماہ جناب شجاع الدین شیخ صاحب کا خطاب بعنوان "حقوق العباد" مورخہ یکم مارچ 2019 منعقد ہوا۔

**قرآن اکیڈمی یٰسین آباد** میں گزشتہ ماہ فکر اسلامی کے تحت "اسلام کا انقلابی منشور" کے عنوان سے محترم ڈاکٹر اسرار احمدؒ کے وڈیو خطابات ہوئے، "قرآن اور جہاد" کے موضوع پر محمد ارشد صاحب جبکہ " منہج انقلاب نبوی ﷺ " کے موضوع پر ڈاکٹر محمد الیاس صاحب کے لیکچرز منعقد ہوئے۔ جبکہ خصوصی محاضرہ کے ضمن میں "تحفظ ختم نبوت اور ہماری ذمہ داری" کے موضوع پر جناب مولوی عبدالحئ مطمئن صاحب دامت برکاتہم کا لیکچر منعقد ہوا جس کی بھرپور تشہیر کی گئی جس میں طلبہ و طالبات کے علاوہ بھی حضرات و خواتین نے شرکت کی۔ مسجد میں ماہانہ درس قرآن و حدیث کا اہتمام ہوتا ہے جو ہر ماہ کے پہلے ہفتہ کو بعد نمازِ عشاء منعقد ہوتا ہے۔ گزشتہ ماہ جناب شجاع الدین شیخ صاحب کا خطاب بعنوان "صدقۂ جاریہ" مورخہ 2 مارچ 2019 کو منعقد ہوا۔

**قرآن اکیڈمی کورنگی** میں گزشتہ ماہ "گھر میں دعوت کا کام کیسے کریں"؟ اور "مسلمان خواتین کے دینی فرائض" کے موضوعات پر جناب شجاع الدین شیخ صاحب نے لیکچرز دیئے۔ "درس کی تیاری کیسے کریں"؟ کے موضوع پر جناب انجینئر نعمان اختر صاحب نے لیکچر دیا۔ اسی طرح "تحفظ ختم نبوت اور ہماری ذمہ داری" کے موضوع پر مولانا عبدالحئ مطمئن صاحب دامت برکاتہم نے خصوصی لیکچر دیا۔

**قرآن انسٹیٹیوٹ گلستان جوہر** میں گزشتہ ماہ "تحفظ ختم نبوت اور ہماری ذمہ داری" کے موضوع پر مولانا عبدالحئ مطمئن صاحب دامت برکاتہم نے خصوصی لیکچر دیا حضرت خاص طور پر اس لیکچر کے لیے تشریف لائے تھے قرآن انسٹیٹیوٹ جوہر کی جانب سے تشہیر کا بھی اہتمام کیا گیا تھا۔

## شعبہ سمع و بصر

**قرآن فورم:** شعبہ ملٹی میڈیا کے تحت قرآن فورَم کے عنوان سے جاری ٹاک شو میں دورِ جدید میں پیش آنے والے مختلف معاشرتی مسائل اور ان کے ازالہ کے لیے قرآن و سنت کی رہنمائی پر گفتگو کی جاتی ہے۔ اس پروگرام میں قرآن اکیڈمی ڈیفنس کے استاذ جناب سہیل احمد صاحب میزبانی کے فرائض سرانجام دیتے ہیں جبکہ جناب شجاع الدین شیخ صاحب بطور مہمان شریک ہوتے ہیں۔ یہ پروگرام میٹرو وَن نیوز چینل پر ہر جمعہ دوپہر 1 بجے نشر ہوتا ہے اور ہر ہفتہ صبح 6 بجے دوبارہ نشر ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ قرآن اکیڈمی کی ویب سائٹ پر بھی ہر ہفتہ باقاعدگی سے اپ لوڈ کیا جاتا ہے۔ گزشتہ ماہ چار موضوعات پر پروگرام ریکارڈ کیے گئے: "غیبت"، "پاک بھارت کشیدگی"، "الحاد اور اس کی حقیقت"، "یومِ پاکستان"

**مختصر دورانیہ کے کلپس برائے سوشل میڈیا:** مختلف پروگراموں میں سے 3 سے 5 منٹ پر مشتمل مختصر دورانیہ کے ان عنوانات پر کلپس علیحدہ کرکے سوشل میڈیا پر شیئر کیے گئے: "جنگی قیدی" اور "ابھینندن کا معاملہ"، "غزوۂ ہند کی حقیقت اور احادیثِ مبارکہ کی وضاحت"

**محفلِ حُسنِ قراءت:**

مورخہ 24 فروری بروز اتوار بعد نمازِ مغرب انجمن کے تحت قرآن اکیڈمی ڈیفنس میں محفلِ حسنِ قراءت منعقد کی گئی۔ جس میں اندرونِ ملک کے علاوہ مصر کے معروف قرّاء حضرات نے شرکت فرمائی۔ جن کی ویڈیوز قرآن اکیڈمی کی ویب سائٹ کے علاوہ سوشل میڈیا پر بھی شیئر کی گئیں۔

**تقریبِ تقسیم اسناد:**

مورخہ 16 مارچ بروز ہفتہ صبح 9:30 بجے قرآن اکیڈمی یٰسین آباد کے شعبۂ مدرسۃ القرآن للحفظ والقراءۃ کی سالانہ تقریبِ تقسیم اسناد اور دستار بندی منعقد کی گئی۔ اس پروگرام کی مکمل ویڈیو ریکارڈنگ کی گئی جس کی ایڈیٹنگ فی الوقت جاری ہے۔

**اسلام چینل اردو (UK)**

اسلام چینل اردو (UK) پر شعبہ ملٹی میڈیا کے تحت تیار کیے گئے حسبِ ذیل پروگرام ہر ہفتہ نشر ہو رہے ہیں: "مطالباتِ قرآن" (مدرّس: جناب شجاع الدین شیخ صاحب)، دورانیہ: 45 منٹ، "بیان الہدیٰ" (مدرس: انجینئر نعمان اختر صاحب)، دورانیہ: 30 منٹ

## اعلانات

**قرآن اکیڈمی ڈیفنس:** اس ماہ خصوصی لیکچرز کے ذیل میں "اسلامک سافٹ ویئرز کا تعارف" جبکہ فکرِ اسلامی کے تحت "اسلام میں اجتماعیت اور بیعت کی اہمیت" کے موضوع پر پروگرامات کا انعقاد کیا جائے گا۔ آئندہ ماہ ماہانہ خصوصی خطاب 05 اپریل 2019ء بعد نمازِ عشاء منعقد ہوگا جس میں مدرس کی ذمہ داری جناب شجاع الدین شیخ صاحب ادا کریں گے۔

**قرآن اکیڈمی یٰسین آباد:** ان شاء اللہ اس ماہ خصوصی لیکچر کے ضمن میں "تزکیہ نفس" کا انعقاد ہوگا جس کی تدریس کے فرائض استاذ محمد ارشد صاحب ادا کرینگے اسی طرح فکر اسلامی کے ضمن میں "اجتماعیت اور بیعت کی اہمیت" کے موضوع پر لیکچر ہوگا جس کی تدریس کے فرائض استاذ شجاع الدین شیخ صاحب ادا کرینگے۔

**قرآن انسٹیٹیوٹ گلستان جوہر:** ان شاء اللہ اس ماہ "گھر میں دعوت کا کام کیسے" کے موضوع پر استاذ شجاع الدین شیخ صاحب لیکچر لیں گے اس کے علاوہ "قرآن اور جہاد" کے موضوع پر استاذ ڈاکٹر انوار علی صاحب لیکچر لیں گے۔

بانی: ڈاکٹر اسرار احمد رحمۃ اللہ علیہ